© rasailojaraid.com



**نام کتاب: ''ماہنامہ المدینہ'' خصوصی اشاعت ''خدمتِ خلق اور کفالتِ عامہ، تعلیماتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں'' مدیرِ اعلیٰ: قاری حامد محمود صفحات: ۲۷۲ قیمت: ۳۰۰ روپے**

**ناشر: ماہنامہ المدینہ، صائمہ ٹاورز، روم نمبر: A-205 سیکنڈ فلور، آئی آئی چندری گر روڈ، کراچی۔**

محسنِ انسانیت، خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم جو دین لائے اس کی بنیاد امن وسلامتی اور احترامِ انسانیت پر ہے۔ اسلام کو دنیا کے تمام مذاہب میں یہ امتیاز حاصل ہے کہ یہ ایک کامل ومکمل دین اور ابدی ضابطۂ حیات بھی ہے، اسلام میں جہاں عبادات کو اہمیت دی گئی ہے وہیں معاملات اور اخلاقیات بھی دین میں بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ خدمتِ خلق اور رفاہِ عامہ کا تصور درحقیقت حقوق العباد اور احترامِ انسانیت کے اسلامی فلسفے کی اساس ہے، جس سے اسلام میں اس کی عظمت واہمیت کا پتا چلتا ہے۔ زیرِ تبصرہ رسالہ ''ماہنامہ المدینہ'' کی اشاعت خصوصی بہت ہی عمدہ اور پُر مغز مضامین کا مجموعہ ہے، جس میں خدمتِ خلق اور کفالتِ عامہ کو تعلیماتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی روشنی میں اجاگر کیا گیا ہے۔ مدیرِ اعلیٰ اور اُن کے معاونین اس بہترین دینی، علمی و ادبی کاوش پر مبارک باد کے مستحق ہیں، اللہ تعالیٰ ان کی اس پُر خلوص محنت کو قبول فرمائیں اور اجرِ جزیل عطاء فرمائیں۔ (مبصر: حافظ اخلاق احمد)

☆......☆......☆......☆

## دعاءِ صحت

- ★ قائدِ احرار، ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم
- ★ مجلس احرارِ اسلام ملتان کے سرپرست اور رکن مرکزی مجلس شوریٰ صوفی نذیر احمد
- ★ حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند گرامی جناب خواجہ رشید احمد صاحب
- ★ لاہور کے بزرگ احرار کارکن چودھری محمد اکرام صاحب
- ★ سید محمد کفیل بخاری کی بڑی ہمشیر علیل ہیں ★ قاری ظہور رحیم عثمانی کے بیٹے محمد علی بیمار ہیں
- ★ مدرسہ معمورہ ملتان کا سابق طالب علم حافظ محمد اویس سنجرانی

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مریضوں کی صحت یابی کے لیے دعاء فرمائیں، اللہ تعالیٰ سب کو شفا کاملہ عطا فرمائے۔



© rasailojaraid.com